# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
# KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1216 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2025/** 6925
**Date: 03rd October, 2025**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 56 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 36th, 37th, 38th, 39th and 40th groups as at Annexure-II will be taken-up on 20th , 21st , 22nd , 23rd and 24th October, 2025, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: - Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-IX**

Endst: No. & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Deputy Director Coordination, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-IX**

**ANNEXURE-I**

**ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9$^{TH}$ SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 36$^{th}$ | Monday 20$^{th}$ October, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment |
| 37$^{th}$ | Tuesday 21$^{st}$ October, 2025 | • Food<br>• Energy & Power<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 38$^{th}$ | Wednesday 22$^{nd}$ October, 2025 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 39$^{th}$ | Thursday 23$^{rd}$ October, 2025 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Home & Tribal Affairs<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum |
| 40$^{th}$ | Friday 24$^{th}$ October, 2025 | • Labour<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا36واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 20اکتوبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:13 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1516**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر سماجی بہبود ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ معذور افراد کو الات مہیا کرتا ہے؟

(ب) محکمہ نے معذور طبقے کو Main Stream سوسائٹی میں لانے کے لیے کیا اقدامات کیے ہیں؟

(ج) آیا حکومت، پرائیویٹ سوشل ویلفئیر کے ساتھ کوئی Working Relationship بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تا کہ غربت کا خاتمہ ہو۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:47 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1589**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زکوۃ وعشر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں کتنی ضلعی زکوۃ کمیٹیاں فعال ہیں؟ اور کتنے اضلاع میں ضلعی زکوۃ کمیٹیاں غیر فعال ہیں؟

(ب) گزشتہ 5سالوں کے دوران ہر اضلاع میں کتنی رقم ان کمیٹیوں کے ذریعے مستحقین زکوۃ میں تقسیم کی گئی؟ ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) صوبہ بھر میں لوکل زکوۃ کمیٹیوں کی تعداد کتنی ہے؟ خصوصاً ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مقامی زکوۃ کمیٹیوں کی تعداد کتنی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:06 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1404**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ خیبر پختونخواہ پر اندرونی اور بیرونی قرضوں کی کل حجم / مالیت کیا ہے اس کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ب) گزشتہ 4ادوار میں حکومت نے لینے والے قرضوں کی تفصیل ہر دور حکومت کی علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:36 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1450**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بحالی وآباد کاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2022 کے سیلاب کے بعد حکومتی سروے کے مطابق مقامی لوگوں کی املاک تباہ ہوئی تھیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے مذکورہ متاثرین کو امداد دینے کا اعلان کیا تھا اور بعض متاثرین میں چیک بھی تقسیم کیے گئے تھے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) جن متاثرین لوگوں میں چیک تقسیم کیے گئے ہیں ان کا شناختی کارڈ نمبر، ملنی والی امدادی رقم بمعہ مکمل ایڈریس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) جن گھرانوں یا خاندانوں کو امدادی رقم تاحال نہیں ملی ان کو امدادی رقم کب تک ملے گی؟

**Notice Date :** Jul 10, 2025 -- 02:34 PM - Thu
سوال نمبر**Question # 1684**
**Sent to Dept Date:** Jul 29, 2025 - Tue
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)Khyber Pakhtunkhwa River Protection Ordinance 2022اورKhyber Pakhtunkhwa Water Act 2020 کے مقاصد کیا ہیں تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) محکمہ کی اس Ordinance اور Act کے تحت گذشتہ تین سالوں میں کی گئی کارروائیوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 09:00 AM - Fri
**Question # 1695**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)صوبہ خیبر پختونخواہ کا مالی سال 2024-25 کا خسارہ کتنے ارب روپے تھا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 09:01 AM - Fri
**Question # 1689**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 07, 2025 - Thu
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر امداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)صوبے میں حالیہ آفات اور سیلاب کے دوران متاثرہ خاندانوں کی بحالی کے لئے حکومت نے کیااقدامات کیے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 06, 2025 -- 12:50 PM - Wed
**Question # 1703**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ بینک آف خیبر میں بڑاحصہ خیبر پختونخواکا ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت کی سفارش پر صوبے کی جانب سے بورڈ ممبران تعینات ہوتے ہیں؟

(ج)اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)مذکورہ بینک بننے سے تاحال بورڈممبران میں اس صوبے سے کتنے تجربہ کار صنعت کار، بینکرز یادیگر معاشی ماہرین کو بورڈ ممبران تعینات کیا گیاہے؟بورڈممبران کے ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 06, 2025 -- 12:51 PM – Wed
**Question # 1701**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست کہ بینک آف خیبر میں اسلامک اور روایتی بینکنگ سسٹم چل رہاہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ بینک آف خیبر کی ملک بھر میں اسلامک برانچز اور روایتی بینکنگ کے برانچز موجود ہیں؟

(ج)اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) بینک آف خیبر کی کل کتنی برانچز ہیں؟ان میں اسلامک بینک کی تعداد کتنی ہیں؟اور روایتی بینکنگ کی تعداد کتنی ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) بینک آف خیبر کی جو برانچز نقصان میں ہیں ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 27, 2025 -- 11:00 AM - Wed
**Question # 1787**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر امداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف علاقہ جات بونیر، شانگلہ، صوابی وغیرہ میں امداد تقسیم کی جارہی ہے؟کیاآئندہ کے لیے بھی امدادی پیکجزز زیر غور ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوتو:

(i)اس کے لیے کیاطریقہ کار بنایاگیاہے اور اس عمل کی نگرانی کس طریقہ کار کے تحت کن حکام کے زیر نگرانی ہورہی ہے؟

(ii)نیز مذکورہ امدادی پیکج کی تقسیم کو کیسے شفاف طریقہ سے دیا جائے گا۔مکمل تفصیل بمعہ طریقہ کار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 01:24 PM - Mon
**Question # 1791**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زکوۃ، عشر، سماجی بہبود آبادی اور سوشل ویلفیئر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ غریبوں، بیوہ گان، یتیموں اور معذوروں کے لیے وظیفہ یا نقد رقم دیتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ 5 سالوں کے دوران ضلع مردان میں کتنے لوگوں کو زکوۃ فنڈز، جہیز فنڈز اور تعلیمی سکالرشب دیئے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 03, 2025 -- 02:32 PM - Wed
**Question # 1809**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 17, 2025 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

از راہ کرم وزیر برائے محکمہ آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سال 2024 سے تا حال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں محکمہ آبپاشی کی جانب سے مختلف ٹینڈرز جاری کیے گئے ہیں، جن میں حلقہ پی کے۔115 میں گومل زام اور رود کوہی سے متعلق ٹینڈرز بھی شامل ہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ تفصیل فراہم کی جائے کہ:

1۔ حلقہ پی کے۔115 میں کس نوعیت کے کاموں کے لیے ٹینڈرز جاری کیے گئے؟

2۔ کن کنٹریکٹرز یا فرمز کو یہ ٹینڈرز دیے گئے؟

3۔ ان ٹینڈرز کے تحت کتنی رقم جاری کی گئی؟

4۔ متعلقہ کاموں کی تکمیل کی موجودہ صورتحال کیا ہے؟

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 01:00 PM - Fri
**Question # 1796**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائینگے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور میں شیلٹر ہومز قائم ہیں اور ان شیلٹر ہومز میں خواتین اور بچے بھی مقیم ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) پشاور میں ان شیلٹر ہومز کی تعداد کتنی ہے اور اس وقت ان شیلٹر ہومز میں مقیم خواتین و بچوں کی تعداد کتنی ہے؟

(ii) ان اداروں/شیلٹر ہومز کو فنڈز فراہم کرنے کا کیا طریقۂ کار ہے؟

(iii) ان شیلٹر ہومز کی کارکردگی جانچنے سمیت شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنانے کے لیے حکومت نے کوئی طریقہ وضع کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:42 PM - Fri
**Question # 1765**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

از راہ کرم وزیر برائے محکمہ آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی نے آبی گزرگاہوں اور سیلابی نالوں پر سیلاب سے بچاؤ کے لیے حفاظتی بند تعمیر کیے ہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ تفصیل فراہم کی جائے کہ موجودہ حکومت نے ضلع ہری پور میں کن کن مقامات پر حفاظتی بند تعمیر کیے ہیں اور ان پر کتنا خرچ آیا ہے؟ سکیم وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:43 PM - Fri
**Question # 1762**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

از راہ کرم وزیر برائے آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت بھل صفائی کے لیے ہر سال فنڈز مختص کرتی ہے تاکہ زمینداروں کو زمین کی کاشت کے لیے وافر مقدار میں پانی میسر آسکے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ بتایا جائے کہ مالی سال 2024-25 میں ضلع ہری پور کی بھل صفائی کے لیے کتنی رقم مختص کی گئی اور یہ رقم کہاں کہاں خرچ ہوئی؟ سکیم وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 09, 2025 -- 04:30 PM – Tue
**Question # 1812**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے خزانہ ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت (یعنی 2018 کے بعد) نے جی۔پی فنڈز اکاؤنٹ سے قرض لیا تھا؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ وضاحت فرمائی جائے کہ:

1۔ اگر قرض کی واپسی ہو چکی ہے تو کیا منافع متعلقہ محکمے کو دیا گیا جس سے قرض لیا گیا تھا، یا حکومت نے ابھی تک یہ قرض واپس نہیں کیا؟

2۔ اگر قرض واپس نہیں کیا گیا تو حکومت کب تک یہ قرض واپس کرے گی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 37 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 21 اکتوبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:41 AM - Mon
**Question # 1605** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اسلامیہ کالج پشاور میں مورخہ 08 اگست 2017ء کو کچھ ملازمین کو کنٹریکٹ پر بھرتی کیا گیا تھا، جن کو بعد میں ملازمت سے برخاست کیا گیا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ملازمین کو 08 مئی 2024ء پشاور ہائی کورٹ نے اپنی ملازمت پر بحال کر دیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ نے پشاور ہائی کورٹ کے فیصلہ پر عمل درآمد کیوں نہیں کیا؟ اور ان ملازمین کو تاحال تنخواہ کیوں نہیں دی گئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:42 AM - Mon
**Question # 1604** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور اور صوبے کے اکثر تعلیمی اداروں میں آئس کا نشہ طلباء وطالبات میں زیادہ پھیل رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت نے آئس کے نشے کے تدارک کیلئے کیا اقدامات کیے ہیں؟ حالانکہ آئس یونیورسٹی کے اندر بغیر کسی روک تھام کے آسانی سے ملتی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:57 AM - Mon
**Question # 1369** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے صوبہ میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ایبٹ آباد میں طلباء وطالبات کے کل کتنے پرائمری مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:58 AM - Mon
**Question # 1370** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صوبے بھر کے گرلز وبوائز سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹے پر اساتذۃ بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کیا مذکورہ آسامیوں کے لیے اشتہار دیا گیا ہے؟ اگر جواب ہاں میں ہو تو اشتہار کی کاپی فراہم کی جائے۔

(ii) ضلع ایبٹ آباد میں خصوصی افراد کے کوٹے میں کل کتنی آسامیاں کون کون سی کیٹیگری میں کن کن سکولوں میں خالی ہیں؟ نیز میل وفی میل سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹے کے علاوہ کونسی کیٹیگری میں دیگر آسامیوں پر تقرریاں کب کی گئی تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:34 PM - Mon
**Question # 1551**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)اس وقت صوبہ بھر میں ہائیڈل پاور کے کتنے منصوبے فعال ہیں اوران منصوبوں کی پیداواری صلاحیت کیا ہے ؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں کے دوران صوبہ خیبر پختونخوامیں ہائیڈل پاور کے کتنے منصوبے شروع کئے گئے ہیں ؟ نیزان منصوبوں کی پیداواری صلاحت کتنی ہے ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:39 PM - Mon
**Question # 1545**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیایہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کے بیشتر ملازمین کے پنشن کیسز التواء میں پڑے ہوئے ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گومل یونیورسٹی ہر سال پنشن کی مد میں کتنی رقم خرچ کرتی ہے ؟

(ii) اب تک پنشن کی مد میں کتنے ملازمین کے کیسز زیر التواء ہیں۔

(iii) پنشن کی مد میں زیر التواء کیسز کے ملازمین کے نام اوران کے بقایا جات کی تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:56 PM - Mon
**Question # 1414**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ نگران حکومت نے وفاقی سطح پر گندم کی خریداری کی تھی؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ نگران حکومت کو جو باہر سے گندم فراہم کی گئی تھی۔ وہ پورے پاکستان سمیت صوبہ خیبر پختونخواکے گوداموں میں سٹور کی گئی تھی؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو خیبر پختونخواکے گوداموں میں اب تک کتنی گندم اور کتنے عرصے سے پڑی ہے۔ آیایہ گندم استعمال کے قابل ہیں کہ نہیں مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:16 PM - Mon
**Question # 1438**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوامیں بالعموم اور ضلع بنوں میں بالخصوص نئے منظور شدہ اوراپ گریڈ شدہ مڈل ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں میں مختلف آسامیوں کی منظوری دی گئی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع بنوں میں نئے منظور شدہ اوراپ گریڈ شدہ مڈل ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں کی تعداد کتنی ہے ؟ اوراس میں موجود پوسٹیں کون کون سی ہیں ۔پوسٹ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کیاان منظور شدہ پوسٹوں میں TT (تھیالوجی ٹیچر) کی پوسٹ شامل ہے اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:01 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1441**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی پی کے- (95)**
کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال2018تا2023کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیاہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:02 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1456**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی پی کے- (95)**
کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حکومت نے سال2019ء سے2024ء تک PK-95 اور PK-96 میں کتنے سکولوں کو پرائمری سے مڈل، مڈل سے ہائی، اور ہائی سے ہائیر سیکنڈری میں اپ گریڈ کیا ہے؟اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) اسی دوران مذکورہ حلقوں میں کتنے نئے سکول قائم کئے گئے ہیں؟اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:23 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1466**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل ٹوپی میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکول برائے گرلز اور بوائز کی کل تعداد کتنی ہے؟

(ب) مذکورہ سکولوں میں کون کون سے سٹاف کی کمی ہے؟میل اور فی میل سٹاف کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز سٹاف کی کمی کب تک پوری کر دی جائے گی؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:29 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1461**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں ہر سال نویں، دسویں، گیارویں اور بارویں کلاس کے سالانہ اور سپلیمنٹری امتحانات منعقد ہوتے ہیں؟ جن میں سکولوں کے اساتذہ ڈیوٹیاں سرانجام دیتے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈیوٹی دینے والے اساتذہ کو اپنی تنخواہ کے علاوہ معقول معاوضہ بھی دیا جاتا ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ امتحانات اکثر سکولوں کی پڑھائی کے دنوں میں منعقد ہوتے ہیں جس سے طلباء کا قیمتی وقت پڑھائی کئے بغیر گزر جاتا ہے

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت طلباء کی پڑھائی کے اوقات کو ضائع ہونے سے بچانے کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے؟

(ii) سکولوں اور کالجوں میں امتحانات کی ڈیوٹی کی وجہ سے اساتذہ کی غیر حاضری یا کمی کو کیسے یا کس طریقہ کار کے ذریعے پورا کیا جاتا ہے؟

(iii) حکومت امتحانات میں صرف اساتذہ کی ڈیوٹی لگانے کے بجائے کوئی دوسرا طریقہ اختیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:33 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1618**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضلع باجوڑ میں موجودہ وقت سکولوں کی تعداد کتنی ہے؟ سکول کانام اور جگہ کا نام بتایا جائے۔

(ب)مذکورہ سکولوں میں اساتذہ کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے۔

(ج)تمام سکولوں میں طلباء کی مکمل تعداد سکول وائزاور ٹوٹل فراہم کی جائے؟

(د)موجودہ وقت تمام سکولوں میں خالی آسامیوں کی تعداد بمعہ کیٹگری فراہم کی جائےاور شرح خواندگی کا کیاتناسب ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:42 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1489**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)گزشتہ 5 سالوں کے دوران کتنی گندم کہاں کہاں سے خریدی گئی اور کہاں کہاں فروخت کی گئی؟اور موجودہ وقت کتنی گندم گوداموں میں موجود ہیں؟ گودام وائز تفصیل فراہم کی جائیں۔ نیز 5 سالوں کے دوران مذکورہ خرید وفروخت میں نفع ونقصان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:55 AM – Tue
سوال نمبر**Question # 1521**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبہ میں آٹے کی قیمتوں کا تعین کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوتو:۔

(i)سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کا تعین کس طریقہ کار کے تحت کیا گیا ہے؟اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی وجوہات کیا ہیں؟

(ii)سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کی تفصیل بمعہ سرکاری نرخنامہ جات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

(iii)آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے حکومت نے کیا اقدامات اور فارمولہ طے کیا ہے؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:56 AM - Tue
**Question # 1522** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for food state that :
(a)What is the current production per acre of wheat?
(b)What is our need for flour consumption?
(c)What is being done tangibly for ensuring that the flour production is being increased?
(d)What will be the wheat production in the coming year and accordingly flour production and would that suffice the flour demand?

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 38واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 22 اکتوبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:19 PM - Mon
**Question # 1460** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ جنوری 2025 میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں محکمہ کے زیر نگرانی مختلف سکیمیں مکمل ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں کے لئے زمین کن افراد نے دی ہے؟ الاٹ شدہ زمین حکومت یا محکمہ ہذا کے نام پر منتقل ہوئی ہے یا نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:20 PM - Mon
**Question # 1562** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈیڈک ایکٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں چیئرمینوں کا انتخاب کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب کر لیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کا جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) صوبے کے کتنے اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب عمل میں لایا جا چکا ہے؟۔

(ii) کتنے اضلاع میں مذکورہ ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب تاحال عمل میں نہیں لایا گیا وجوہات بیان کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:06 PM - Mon
**Question # 1632** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل ہری پور میں 2015 سے لیکر اب تک کتنی نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں؟

(ب) یہ سکیمیں کہاں کہاں بنائی گئیں ہیں اور ان کے مکمل ہونے پر کتنی لاگت آئی ہے؟ ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں، ہر ایک کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائے۔

(ج) مذکورہ عرصہ میں جس جگہ پر نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں وہاں کے لینڈ اونر (Land Owner) کے نام و پتہ اور انتقال اراضی کی کاپی بھی فراہم کی جائے۔

(د) سال 2015 سے پہلے اس حلقہ میں کتنی واٹر سپلائی سکیمیں تھیں؟ اور یہ سکیمیں کہاں کہاں موجود ہیں۔ ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں۔ اگر نان فنکشنل ہیں تو اس کی وجہ کیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:07 PM - Mon
**Question # 1633** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع ہری پور میں سال 2014 سے 2023 کے دوران مختلف پوسٹوں پر تعیناتیاں کی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع ہری پور میں جن جن پوسٹوں پر بھرتی ہوئی ہیں ان بھرتی شدہ افراد کے نام، عہدہ، پتہ، ٹیسٹ انٹرویو کے نمبروں کی لسٹ این ٹی ایس ٹیسٹ کے حاصل کردہ نمبروں کی لسٹ اور جملہ کوائف کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 07, 2025 -- 02:08 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1634**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں محکمہ ہذامیں گریڈ1 سے گریڈ16 تک مختلف کیڈرز کی پوسٹیں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) کل کتنی پوسٹیں خالی ہیں؟اور کیوں خالی ہیں؟ان میں کون سی اور کتنی آسامیاں ڈائریکٹ Initial recruitment اور محکمانہ پروموشن کے ذریعے پُر کی جاتی ہیں ان کی تفصیل حلقہ وائز بمعہ تحریری دستاویزات مندرجہ ذیل پروفارمہ کے مطابق فراہم کی جائیں۔

نمبر شمار، حلقہ نمبر، خالی پوسٹ کا نام بمعہ گریڈ، خالی ہونے کی تاریخ، خالی پوسٹ پُر کرنے کا طریقہ کار، خالی ہونے کی وجوہات۔

(ii) حکومت نے خالی آسامیاں پُر کرنے کیلئے جو اقدامات اٹھائے ہیں ان کی تفصیل بمعہ کارروائی Recruitment Process بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Jul 07, 2025 -- 02:09 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1635**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل ہری پور کے اکثر ٹیوب ویلز پر وال مین اور آپریٹرز کی آسامیاں خالی پڑی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ متعدد ٹیوب ویلز پر ایکسین اور ایس ڈی او آفس کے اہلکاروں کی ملی بھگت سے وال مینز اور آپریٹرز نے اپنی جگہ پر کم پیسوں پر پرائیویٹ لوگوں کو رکھا ہوا ہے؟ اور وہ خود دوسرے کام کر رہے ہیں؟ جس کی وجہ سے وہاں کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان پرائیویٹ وال مینوں اور آپریٹرز کی عدم توجہ کی وجہ سے جگہ جگہ وال خراب ہیں پانی کے لائنیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہیں؟

(د) اگر (الف) و (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) کن کن گاوں کے ٹیوب ویلز پر سرکاری اہلکاروں کی جگہ پرائیویٹ لوگ کام کر رہے ہیں؟اور جو سرکاری ملازم خود اپنی ڈیوٹی نہیں دے رہا اس کے خلاف کیوں تادیبی کاروائی نہیں کی جارہی؟تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کن کن ٹیوب ویلز پر وال مین اور آپریٹرز کی آسامیاں خالی ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 29, 2025 -- 03:51 PM – Tue
سوال نمبر**Question # 1696**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
جناب محمد عبدالسلام صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرقانون پارلیمانی اموراورانسانی حقوق ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوامیں مورخہ 11 نومبر 2024 کو متفقہ طور پر پاس کردہ قرارداد نمبر 112 کے ضمن میں محکمہ سے متعلق اُمور پر تاحال حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 08:40 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 1712**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2020 سے سال 2025 کے دوران ضلع ہری پور کے متعدد ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم میں تبدیل کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ہری پور میں کتنے ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم میں تبدیل کیا ہے، ان میں کتنے چالو اور کتنے کب سے خراب حالت میں ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 09:31 AM – Wed
سوال نمبرQuestion # 1715
Sent to Dept Date: Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال 23-2022، 24-2023 اور 25-2024 میں صوبے کی واٹر سپلائی اور سینی ٹیشن کی سکیموں کی تعمیر و بحالی کے لئے رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں میں سے تحصیل ہری پور کے لیے کتنا فنڈز مختص کیا گیا، کتنی سکیموں پر کام ہوا، ہر سکیم کی نوعیت اور مقام کی تفصیل علیحدہ سال وار فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 09:36 AM - Wed
سوال نمبرQuestion # 1711
Sent to Dept Date: Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل ہری پور میں 2018 سے لیکر اب تک کتنی نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں؟

(ب) یہ سکیمیں کہاں کہاں بنائی گئیں ہیں، ان کی کل تخمینہ لاگت اور ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں، ہر ایک کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کریں

(ج) نیز لینڈ اونر (Land Owner) کے نام و پتہ اور انتقال اراضی کی کاپی بھی فراہم کریں۔

Notice Date : Aug 18, 2025 -- 11:47 AM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1718
Sent to Dept Date: Aug 19, 2025 - Tue
جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لکی۔ میانوالی روڈ خیبر پختونخوا ہائی ویز اتھارٹی کے زیر انتظام ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈ عرصہ دراز سے خستہ حالی، شکستہ پلوں اور جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سی پیک انٹر چینج سے قریب ہونے کی وجہ سے مذکورہ روڈ نے انتہائی اہمیت حاصل کی ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ روڈ کی مرمت و بحالی کے لئے صوبائی حکومت نے سال 2020 سے لے کر اب تک کل کتنی رقم خرچ کی ہے؟ اس کی سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز مستقبل میں مذکورہ روڈ کی مرمت و مکمل بحالی کے لئے حکومت کا کیا ارادہ ہے؟ اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 21, 2025 -- 12:50 PM - Thu
سوال نمبرQuestion # 1816
Sent to Dept Date: Sep 17, 2025 - Wed
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ترناب فارم حلقہ PK-75 پشاور میں ایگریکلچر انجینئر نگ اور زرعی انسٹیٹیوٹ موجود ہے اور زراعت سے وابستہ مختلف سرگرمیاں بھی سرانجام دے رہی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ بالا دفاتر میں موجود عملے (پراجیکٹ ملازمین، ڈیلی ویجز ملازمین اور مستقل ملازمین) کی مکمل تفصیل بمعہ نام، پتہ، ولدیت سمیت پراجیکٹس کے نام بھی فراہم کی جائیں۔

(ii) ایگریکلچر انجینئر نگ اور زرعی انسٹیٹیوٹ کے دفاتر میں سال 2018 سے تاحال خالی آسامیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 25, 2025 -- 09:35 AM - Mon
**Question # 1808**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ فائزہ ملک صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ علاقہ تناول میں لنک روڈز کی حالت انتہائی خراب اور خستہ حال ہے؟اور عرصہ دراز سے ان کی مرمت نہیں کی گئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو علاقہ تناول روڈز کی پختگی اور مرمت کے حوالے سے حکومت کی جانب سے کیافوری منصوبہ بندی کی گئی ہے ؟اوراس کو کب تک تعمیر ومرمت کیاجائے گا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 26, 2025 -- 03:57 PM - Tue
**Question # 1786**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے ک

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا ورلڈ انویسٹمنٹ اینڈ انسٹی ٹیوشنل سپورٹ پروگرام (KPRIISP) کے تحت ضلع مہمند، تحصیل خوئیزئی / بائیزئی کے لیے پینے کے پانی کا ایک میگا منصوبہ تقریباً4,5552.97 ملین روپے کی لاگت سے سال 2023 میں PC-1 کی سطح پر منظور کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس منصوبے کے فنڈز کا اجراء، ٹینڈرینگ اور تعمیراتی کام کا آغاز کب تک متوقع ہے ؟ نیز اس سلسلے میں صوبائی حکومت متعلقہ محکموں کو مذکورہ پراجیکٹ کے حوالے سے ہدایات جاری کرنے کے سلسلے میں کیااقدامات اٹھارہی ہے ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 05:15 PM - Mon
**Question # 1771**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
جناب مخدوم زادہ محمد آفتاب حیدر صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہ کرم وزیر برائے حیوانات وکوآپریٹو ارشادفرمائیں کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ حیوانات وکوآپریٹو نے مالی سال 2024-25 کے لیے گوشت کی پیداوار بڑھانے کی غرض سے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں "کٹاو بچھڑا فربہ پروگرام" شامل کیا ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ بتایا جائے کہ:

1۔ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے لیے کتنے فارم منظور کیے گئے ہیں؟

2۔ان فارموں کی منظوری کے لیے کیا معیار / پالیسی وضع کی گئی تھی؟

3۔ منظور شدہ فارموں میں سے حلقہ پی کے۔111 کو کتنے فارم الاٹ کیے گئے ہیں؟اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 04:15 PM - Tue
**Question # 1790**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرک کے علاقہ گڈی خیل میں پینے کے پانی میں یورینیم کی مقدار باقاعدہ سائنسی بنیادوں پر جانچی گئی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) پانی میں یورینیم کی کتنی مقدار پائی گئی ہے ؟اور یہ عالمی ادارہ صحت (WHO) کے مقررہ معیار سے کس حد تک زیادہ ہے ؟

(ii) کیاحکومت نے پانی سے یورینیم کے خاتمے (Removal/Decontamination) اور عوام کو صاف پانی فراہم کرنے کے لیے واٹر فلٹریشن یاٹریٹمنٹ پلانٹس نصب کیے ہیں یا کوئی متبادل انتظام کیا گیاہے اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 39واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 23 اکتوبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:23 PM - Mon
**Question # 1544** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**Mrs/Ms Shehla Bano, Member Provincial Assembly**

Will the minister for Health state that
(a) Is it true that 19 new air conditions were stolen from Hayatabad Medical Complex?
(b) If reply of (a) is in affirmative then:
(i) What steps were taken against the culprits and in how much time the inquiry will be completed.
(ii) Who is responsible for this mishap /blunder?
(iii) Did the department suspend anyone from competent authority in this regard? Provide detail.

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:24 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1447**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سیاحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے سیاحتی مقامات میں سیاحوں سے ہوٹل مالکان ایک دن کی کمرے کا کرایہ تقریبا 50 ہزار روپے تک وصول کرتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سیاحتی مقامات پر ہوٹل کرایہ سے متعلق حکومت کا چیک اینڈ بیلنس کا کوئی طریقہ کار موجود ہے؟

(ii) سیاحتی مقامات پر ہوٹلوں کا کم از کم کرایہ فی کمرہ یومیہ کتنا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:05 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1424**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2023-24 سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کے لئے فنڈز مختص کئے گئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) اب تک کون کونسے منصوبوں کے لئے کتنے فنڈز جاری کئے گئے؟

(ii) کس کس منصوبے پر کام جاری اور کون کون سے منصوبے مکمل ہوئے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:06 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1474**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ میں بہت سارے پروجیکٹ ایڈیشنل چارج پر سالہا سال سے چلائے جا رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو موجودہ مالی سال 2024-25 میں رورل ڈیولپمنٹ سیکشن میں کل کتنے پروجیکٹس ہیں جو ایڈیشنل چارج پر دیئے گئے ہیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:39 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1505**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال خار ضلع باجوڑ میں تعینات ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی تفصیل فراہم کی جائے نیز کتنے ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی آسامیوں تاحال خالی ہیں؟

(ب) مذکورہ ہسپتال میں ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی کمی کو کب تک پورا کیا جائے گا نیز خالی آسامیوں پر تاحال تعیناتی کیوں عمل میں نہیں لائی گئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:41 AM – Tue
سوال نمبر Question # 1533
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کی مختلف جیلوں میں معذور اور ذہنی مریض قیدی بھی موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین سالوں کے دوران کتنے مریض، معذور اور ذہنی مریض کون کون سی جیلوں میں موجود ہیں؟ اور ان قیدیوں پر تین سالوں کے دوران کون کون سی مد کتنا خرچ ہوا ہے؟

(ii) صوبے کی ہر جیل میں قیدیوں کیلئے کتنی گنجائش ہے اور اس وقت قیدیوں کی تعداد ہر جیل میں کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:51 AM - Tue
سوال نمبر Question # 1536
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا صوبہ بھر میں اور خصوصاً ضلع پشاور میں مختلف قسم کے اسلحہ کی خرید و فروخت ہوتی ہے؟

(ب) اسلحہ کی خریداری کیلئے کیا طریقہ کار ہے اور اس کی تصدیق اور خرید کی تصدیق کس طرح ہوتی ہے؟ اس کا کیا طریقہ کار ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے

(ج) اس میں جرائم پیشہ افراد کی اسلحہ خریداری کی روک تھام کیلئے کوئی طریقہ کار موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:59 AM - Tue
سوال نمبر Question # 1659
Sent to Dept Date: Jul 10, 2025 - Thu
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی مختلف اسلحہ ڈیلرز اسلحہ کی خرید و فروخت کا لائسنس حاصل کرتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو :

(i) اسلحہ ڈیلر کو لائسنس کس طریقہ کار کے تحت دیا جاتا ہے؟ اور اسکی تحقیقات اور ویریفکیشن کس طریقے کار کے تحت کون کون سے مراحل کے تحت کن کن افراد کی زیر نگرانی کی جاتی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز سال 2023 سے تاحال کتنے اسلحہ ڈیلرز کو لائسنس کس طریقہ کار کے تحت کون کون سی کیٹیگری کے جاری کیے گئے ہیں؟ پورے ضلع پشاور کی ڈیلرز کی لسٹ بمعہ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:01 AM - Tue
سوال نمبر Question # 1531
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 سے 2024 ستمبر تک محکمہ میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) آیا ان بھرتیوں میں اقلیتوں، خواتین اور معذوروں کے لیے کوٹہ موجود تھا؟ اگر کوٹہ موجود تھا تو کتنا تھا اور اس پر پوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یا نہیں اور کتنی سیٹیں تاحال خالی ہیں

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اور پتہ فراہم کی جائیں۔ نیز اقلیت، خواتین اور معذور جو کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں۔ ان کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:02 AM - Tue
سوال نمبر Question # 1606
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پشاور پولیس سروسز ہسپتال میں سی۔ ٹی سکین مشین کب فراہم کی گئی اور روزانہ کی بنیاد پر اس مشین کے ذریعے کتنے مریضوں کو سہولت دی جا رہی ہے۔ سال 2018ء سے تاحال مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:12 AM - Tue
Question # 1595سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ PK-32 لوئر کوہستان میں مختلف قسم کے BHUs اور RHCs کے ساتھ ایک THQ ہسپتال بھی موجود ہے

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ BHUs اور RHCs میں کتنے فعال اور غیر فعال ہیں؟ غیر فعال کی وجوہات بتائی جائیں

(ii) مذکورہ THQ ہسپتال پٹن میں کون کونسا عملہ تعینات ہے اور اہل علاقہ کو کیا کیا سہولیات دی جارہی ہیں؟

(iii) آیا THQ ہسپتال دونوں تحصیلوں کے لئے کافی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:14 AM - Tue
Question # 1573سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان میں پولیس کیلئے پولیس لائن موجود نہیں ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟۔ تاحال ضلع میں پولیس لائن کیوں نہیں بنائی گئی ہے؟ اور پولیس لائن دفتر کا قیام کب تک عمل میں لایا جائے گا۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:20 AM - Tue
Question # 1599سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد رشاد خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 13-2012 میں آئی ایچ پراجیکٹ میں ٹیکنیشنز بھرتی ہوئے تھے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ 2016 اسمبلی ایکٹ کے تحت مذکورہ ٹیکنیشنز کو مستقل کر کے بی پی ایس۔6 سکیل دیا گیا تھا؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان کے بعد بھرتی شدہ ٹیکنیشنز کو سکیل 12 میں بھرتی کئے گئے ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) ایک جیسے ڈپلومہ رکھنے والے ٹیکنیشنز کی بنیادی سکیل میں فرق کس بنیاد پر ہے۔

(ii) آیا حکومت سکیل۔6 کے ٹیکنیشنز کو بھی سکیل 12 دینے کا ارادہ رکھتا ہے تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 10:21 AM - Tue
Question # 1603سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد رشاد خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں ملیریا کے کیسز میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبے کے جن علاقوں یا ضلعوں میں ملیریا کی شرح زیادہ ہے۔ وہاں پر ملیریا کی روک تھام اور ضروری اقدامات کئے گئے ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع شانگلہ میں 24-2023 کے دوران API کی شرح صوبے کے دوسرے ضلعوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ رہی؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) ضلع شانگلہ جو کہ سب سے متاثر ہونے کے باوجود وہاں پر ملیریا کی روک تھام کیلئے کیوں کوئی خصوصی پراجیکٹ یا پروگرام شروع نہیں کیا گیا؟ جبکہ اس کے برعکس جن ضلعوں میں انتہائی کم کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ ان اضلاع جن میں خصوصی طور پر ضلع دیر شامل ہیں۔ وہاں پر غیر ضروری پراجیکٹ شروع کئے گئے ہیں اور متاثر اضلاع خاص کر شانگلہ میں ایسا کوئی پروگرام یا پروجیکٹ جو ملیریا کو کنٹرول کر سکے شروع نہیں کیا گیا۔

(ii) ہر ضلع کی شرح API کی تفصیل فراہم کی جائے

(iii) حکومت بروقت ہنگامی بنیادوں پر ضروری اقدامات اور ملیریا کنٹرول پروگرام شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:10 PM - Mon
**Question # 1626**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ رسم "سورہ" کے روک تھام کیلئے اسمبلی نے ایک قرارداد متفقہ طور پر منظور کی تھی ؟

(ب)اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہوتو محکمہ قانون نے اس ضمن میں اب تک کیااقدامات اٹھائے ہیں تفصیل فراہم کی جائے اور اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:11 PM - Mon
**Question # 1627**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع پشاور میں امن وامان کی صورت گھمبیر ہوچکی ہے ؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ ضلع پشاور میں قتل وغارت ،ڈاکیتی ،چوری ،اغواء برائے تاوان ،خواتین کو حراساں کرنااور گاڑیاں چوری ہونا معمول بن چکاہے ؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوتو یکم جنوری 2018 سے اگست 2024 تک کل کتنی وارداتیں ہوئی ہیں علیحدہ علیحدہ سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 40واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 24 اکتوبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 25, 2025 -- 12:00 PM - Mon
**Question # 1800** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہ کرم وزیر برائے آبکاری و محاصل اورانسدادِ منشیات ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبکاری و محاصل اورانسدادِ منشیات میں وقتاً فوقتاً دیگر محکموں کے ملازمین کو ڈیپوٹیشن پر تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

1۔ اس وقت محکمہ ھٰذا میں کل کتنے ملازمین مختلف محکموں سے ڈیپوٹیشن پر تعینات ہیں؟ براہِ کرم متعلقہ محکموں اور مدتِ ملازمت سمیت تفصیل فراہم کی جائے۔

2۔ محکمہ میں ڈیپوٹیشن پر تعیناتی کے لیے اپنے اصلی محکمہ (Parent Department) میں ملازمت کی کم سے کم مدت کیا مقرر ہے؟ نیز دیگر شرائط و قواعد وضوابط کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 28, 2025 -- 04:00 PM – Thu
**Question # 1778** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں ڈاکٹرز بھی تعینات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) جو ڈاکٹرز دو سال سے زائد ایک ہی پوسٹ / پوزیشن پر تعینات ہیں ان کی عرصہ تعیناتی کی کوائف کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے

(ii) اس کے بارے گورنمنٹ / چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کی پالیسی کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) عرصہ دو سال سے زیادہ ایک ہی پوسٹ / پوزیشن پر تعینات رہنے کی وجوہات سمیت ان ڈاکٹرز کے نام اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل بھی الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 01:26 PM - Mon
**Question # 1780** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل اور انسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مردان میں تمباکو کی پیداوار ہوتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت، صوبائی اور وفاقی فنڈز میں تمباکو سے وفاقی اور صوبائی سیس کی کٹوتی کرتی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) گزشتہ دس سالوں کے دوران ضلع مردان کو تمباکو سیس کی مد میں کتنی رقم مہیا کی گئی ہے؟

(ii) مذکورہ رقم کس فارمولے کے تحت کن کن تحصیلوں اور حلقوں میں تقسیم کی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:01 PM - Mon
**Question # 1781** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اگست میں ایکسائز پولیس نے G.C.P چیک پوسٹ پشاور پر چیکنگ کے دوران دو قدیم مجسمے برآمد کیے تھے اور یہ مجسمے تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے نا صرف قیمتی بلکہ بین الاقوامی منڈی میں اس کی مالیت کروڑوں میں بتائی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ مجسمے اب کہاں ہیں؟ اور ملزمان کے خلاف کیا کاروائی ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:02 PM – Mon
**Question # 1789**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی، جنگلات وماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہزارہ اور ملاکنڈ ڈویژن میں جنگلات کی بے دریغ کٹائی کی شکایات محکمہ ہذا کو موصول ہوئی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس حوالے سے حکومت نے ایک مانیٹرنگ کمیٹی بھی تشکیل دی تھی؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ جنگلات / درختوں کی سمگلنگ میں ڈائریکٹوریٹ کے 60افسران بھی ملوث ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو تشکیل شدہ کمیٹی کی رپورٹ سمیت ان میں ملوث افسران / اہلکاروں کے خلاف کی گئی کاروائی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:10 PM - Tue
**Question # 1795**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی وجنگلات وماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی ہوتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 2013 میں کوہستان لوئر میں کٹائی سے پہلے جنگلات کا تناسب کیا تھا اور 2024 میں کٹائی کے بعد اسکا تناسب کتنا رہ گیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:14 PM - Tue
**Question # 1797**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات نے ضلع لوئر کوہستان کے مالی سال 25-2024 کے لئے مختلف سکیموں کے لئے رقم مختص کی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ نے مالی سال 25-2024 کے لئے کتنی رقم اور کس کس سکیم کے لئے مختص کی تھی؟ مختص رقم کا استعمال کس طرح اور کن منصوبوں کے لئے ہوا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:34 PM - Fri
**Question # 1761**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات اور جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موسموں کی تبدیلی اس وقت پوری دنیا کا سب سے اہم مسئلہ ہے جس سے لوگ متاثر ہورہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان کے شدید اثرات سے بچنے کیلئے محکمہ نے اب تک کتنا کام کیا ہے اور کیا حکمت عملی اپنائی گئی ہے تفصیل فراہم کی جائے